سوال

(18) قمیص چھوٹی اور پاجامہ لمبا رکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دیکھا جاتا ہے کہ بعض لوگ قمیص چھوٹی اور پاجامے لمبے رکھتے ہیں، اس بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سنت یہ ہے کہ سارے لباس نصف پنڈلی سے دونوں ٹخنوں کے درمیان تک ہی رکھے جائیں، ٹخنوں سے نیچے ان کا لٹکنا جائز نہیں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

''ازار کا جو حصہ ٹخنوں سے نیچے ہوگا وہ جہنم میں ہوگا۔'' (صحیح بخاري)

اور یہی حکم تمام لباسوں کا ہے خواہ ازار ہو یا پاجامہ، قمیص ہو یا جبہ، اور حدیث میں ازار کا ذکر بطور مثال ہے، اس سے تخصیص مقصود نہیں، مگر افضل یہ ہے کہ سارے لباس نصف پنڈلی تک ہی رکھے جائیں، جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

''مومن کا ازار نصف پنڈلی تک ہوتا ہے۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

ارکانِ اسلام سے متعلق اہم فتاویٰ

صفحہ: 73

محدث فتویٰ